1989ء سے مسلسل اشاعت | 5 تا 11 جنوری 2024 | شمارہ نمبر 1 | جلد نمبر 36

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp





BMG

بزنس مین پینل

کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725




# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a premium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user.

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




SELF ADHESIVE STICKER PAPER
INDONESIA

Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general and use.

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™
ISO 9001: 2015
CERTIFIED

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

1989 سے مسلسل اشاعت

weeklypaperbusiness.com

ہفت روزہ

بانی: محمد رؤف

# پیپر بزنس کراچی

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز، وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطے کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

اشاعت: بروز جمعۃ المبارک — صفحات: 26 رنگین 18 عموی



**چیف ایڈیٹر:**
محمد رؤف



**ایڈیٹوریل بورڈ:**
پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
پیج میکنگ وڈیزائننگ: عمران صدیقی
سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری
معاون: عدنان انصاری



**چارجز: 100 روپے**
کراچی سالانہ سبسکرپشن بمعہ ڈاک خرچ 2500 روپے
بیرون کراچی سالانہ سبسکرپشن بمعہ ڈاک خرچ 3000 روپے
خصوصی نرخ برائے کراچی پیپر مارکیٹ 1500 روپے
ای میگزین 1500 روپے

**For Online Payments**
**Bank Makramah (BML)**
Paper Market Branch,Karachi
A/c-No:0102562031171 4112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960
**United Bank Ltd (UBL)**
Stratchen Road Branch, Karachi
A/c No : 0161596-4 Branch Cade: 0367

**پبلشرز:** حرا رؤف نے پرنٹر عبدالغیور،
ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا



رابطہ آفس: A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M، نارتھ ناظم آباد،
بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی۔ فون: 0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com


# جاپان کے کوٹڈ پیپر کی ویلیوایشن پر تین ہفتوں میں نظرثانی کا حکم

## چائنا و دیگر ممالک کی درست قرار، 4810.1910 کی پی سی ٹی کو رولنگ نمبر 1801/23 سے نکالنے کی ہدایت، ڈان پیپر، سلمان پیپر و دیگر کی درخواستوں پر ڈی جی ویلیوایشن کا حکم

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ڈائریکٹر جنرل ویلیوایشن کسٹم ہاؤس کراچی محمد سلیم نے نظرثانی کا حکم نمبر 70/2023 مورخہ 27 دسمبر 2023 کو بخلاف ویلیوایشن رولنگ نمبر 1801/2023 مورخہ 12 ستمبر 2023 جاری کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ مذکورہ رولنگ میں پی سی ٹی ہیڈنگ نمبر 4810.1910 کو رولنگ سے نکال دیا جائے کیونکہ یہ رولنگ کی دیگر ہیڈنگ سے مسابقت نہیں رکھتی ہے مزید یہ کہ رائٹنگ پیپر 4810.1910 کی ہیڈنگ میں آتا ہے جبکہ یہ رولنگ ''کوٹڈ آرٹ پیپر وشیٹ'' کے لئے ہے اور رائٹنگ پیپر سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ اس کے علاوہ اپنے حکم میں ڈی جی ویلیوایشن نے مزید کہا ہے کہ جاپان سے درآمد ہونے والے دونوں سائیڈ کوٹڈ پیپر (ریلز) مختلف سائز کی ویلیوایشن کی تشخیص کے عمل کو دہرایا جائے اور اگر ضرورت ہو تو زیر دفعہ 25A کے تحت نئی تشخیص اور درخواست دہندہ کے موقف کو سننے کا موقع فراہم کیا جائے اور اس حکم کے تین ہفتوں کے اندر یہ کارروائی مکمل کی جائے۔ ڈی جی ویلیوایشن نے اپنے اس حکم میں قرار دیا ہے کہ چائنا سے درآمد ہونے والے دونوں سائیڈ کوٹڈ آرٹ بورڈ تمام ممالک کی ویلیوز (HS4810.2900) 850 ڈالر فی ٹن درست ہیں اور گزشتہ رولنگ کے مقابلے میں ڈیٹا میں اس کی ڈیکلیئرڈ ویلیو سابقہ رولنگ نمبر 1717/2022 مورخہ 20 دسمبر 2022 سے زائد ہی دی گئی ہیں، لہٰذا زائد ویلیو کی صورت میں صرف انوائس پر اعتبار نہیں کیا جا سکتا ہے اور جو ویلیو میں کمی کی گئی ہے وہ درست شرح سے کی گئی ہے لہٰذا اس میں کوئی تبدیلی نہیں کی جا سکتی ہے۔ جاپان کے کوٹڈ آرٹ پیپر اور رائٹنگ پیپر کی ہیڈنگ نکالنے کے لئے ڈان پیپر مارٹ نے نظرثانی کی درخواست دائر کی تھی جبکہ تمام ممالک کے دونوں سائیڈ کوٹڈ آرٹ بورڈ کی ویلیوایشن پر نظرثانی کی درخواست سلمان پیپر پروڈکٹ پرائیویٹ لمیٹڈ نے دائر کی تھی جس پر 27 دسمبر 2023 کو فیصلہ جاری کیا گیا۔ اس نظرثانی کی درخواست کی سماعت 15 نومبر کو ہوئی تھی جس میں ڈان پیپر مارٹ کی طرف سے افتخار حسین ایڈووکیٹ اور مراد اقبال، جبکہ سلمان پیپر پروڈکٹ کی جانب سے محمد بلال ایڈووکیٹ اور بلال زاہد بھی پیش ہوئے۔ ویلیوایشن کی جانب سے ایڈیشنل ڈائریکٹر نعمان تشفین، ڈپٹی ڈائریکٹر مقبول احمد، ویلیوایشن آفیسر امریش کمار پیش ہوئے۔ ڈی جی ویلیوایشن نے اپنے فیصلے میں ڈان پیپر مارٹ اور سلمان پیپر پروڈکٹ کے علاوہ دیگر کی درخواستوں کو بھی یکجا کر کے یکساں ہونے کی بنیاد پر اس فیصلے کی بنیاد پر نمٹا دیا ہے۔ دیگر میں ٹریڈ انٹرنیشنل لاہور ڈان کنورٹیک پرائیویٹ لمیٹڈ، زیڈ اے کارپوریشن کراچی، ایم ایم ٹریڈرز کراچی، واسا پرنٹرز کراچی، ڈیلیکس پیکجز کراچی، حسیب انٹرپرائزز، ہمدم پیپر پروڈکٹس پرائیویٹ لمیٹڈ شامل ہیں۔



آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے نامزد رکن ایگزیکٹو کمیٹی 25-2024 برائے ایف پی سی سی آئی خامس سعید بٹ 30 دسمبر کو کراچی پہنچے۔ جہاں ایئرپورٹ پر محمد سلیم بیکیا، چیئرمین بزنس مین پینل نے ان کا استقبال کیا بعد ازاں 29 دسمبر کو ہی محمد سلیم بیکیا نے اپنے دفتر میں ایک ظہرانے کا اہتمام کیا جس میں نامزد رکن جنرل باڈی عابد نثار، غلام علی، محمد اقبال، نثار احمد، حبیب نور محمد، محمد اسلم جیلانی، سینئر وائس چیئرمین محمد انیس، عبداللہ زبیر، شہزاد احمد، بابو صدرالدین جیوانی نے شرکت کی اس موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو

## اپیما کی فیڈریشن کی اسٹینڈنگ کمیٹیوں کے کنوینز اور ڈپٹی کنوینز کے لئے نامزدگیاں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) سینئر وائس چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن محمد انیس نے نومنتخب صدر فیڈریشن کو ایک خط کے ذریعے فیڈریشن کی تین اسٹینڈنگ کمیٹیوں کے لئے کنوینز اور ڈپٹی کنوینز کی نامزدگیاں ارسال کر دی ہیں جس کے مطابق پیپر اینڈ بورڈ اسٹینڈنگ کمیٹی (سینٹرل) کے لئے عابد نثار کو کنوینر نامزد کیا گیا ہے جبکہ پیپر اینڈ بورڈ زونل اسٹینڈنگ کمیٹی کے لئے خامس سعید بٹ اور کسٹم اسٹینڈنگ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر کے لئے محمد سلیم بیکیا کو نامزد کیا گیا ہے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725



رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کیس کی کامیابی کے بعد یکم جنوری 2024ء کو سپریم کورٹ کی عمارت کے باہر محمد سلیم بیکیا، بیرسٹر خالد جاوید، بیرسٹر قاسم ودود، بیرسٹر سعد صہیب وائیں اور ایڈووکیٹ عقیل احمد کا گروپ فوٹو

ایڈووکیٹ عقیل احمد نے آئی بی ایم کی طرف سے امپورٹرز کی پیروی کی اور اللہ کا شکر ہے کہ پہلی ہی سماعت میں کیس نمٹا دیا گیا ہے اور ایف بی آر اور ان کے سہولت کاروں کو منہ کی کھانی پڑی ہے۔انہوں نے تمام امپورٹرز بالخصوص رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کے امپورٹرز کو مبارکباد دی ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ وہ اس طرح اپنے اتحاد سے ٹریڈ دشمنوں کی سازشوں کو ناکام بناتے رہیں گے۔واضح رہے کہ کسٹم نے ابتدائی طور پر اس کیس میں سپریم کورٹ نہ جانے کا فیصلہ کیا تھا کیونکہ چیف کلکٹر کی ہدایت پر فیصلہ پر فوری طور پر عملدرآمد شروع ہو گیا تھا۔ 15 دن میں اضافی ڈیوٹی کے چیک ریفنڈ ہونا شروع ہو گئے تھے اگر کسٹم کا اپیل کا ارادہ ہوتا تو وہ چیک واپس نہ کرتا۔کسٹم ذرائع کے مطابق اس سلسلے میں شکایت کنندگان ڈان پیپر مارٹ نے مکمل سہولت کاری فراہم کی اور ایف بی آر سے سپریم کورٹ میں اپیل دائر کرنے کے لئے بھی منظوری حاصل کروائی گئی اور اس کے لئے اپنے اثر ورسوخ کا بھرپور استعمال کیا بعد میں ایف بی آر کی ہدایت پر اپیل کسٹم نے دائر کی تھی۔سپریم کورٹ بنچ سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق اس سلسلے میں کسٹم وکلا اور افسران کی عدم دلچسپی واضح تھی اور وہ کلاسیفکیشن کمیٹی سے متعلقہ رولز اور شوکاز جاری ہونے سے متعلق ججز کے سوالات کے جوابات دینے میں ناکام رہے۔وہ دفعہ 18 E کے گزشتہ تاریخوں سے اطلاق کے متعلق بھی موثر جواب نہ دے سکے۔اس کے علاوہ سی جی او 12 کے تحت ہونے والی سابقہ کارروائیوں کے بارے میں جواب دینے سے قاصر رہے۔مزید برآں انہوں نے شوکاز اور دفعہ 18E کی تاریخوں کا بھی موثر جواب نہیں دیا۔جسٹس صاحبان نے یہ بھی استفسار کیا کہ اس سارے مقدمات کے بعد شکایت کنندہ کے خلاف کیا کارروائی کی گئی۔اس پر کسٹم نے کہا کہ جلد کارروائی کا آغاز کر دیا جائے گا۔تین رکنی سپریم کورٹ کے بنچ نے مقدمہ کی سماعت کی جس کے سربراہ جسٹس منصور علی شاہ اور ممبران میں جسٹس جمال خان مندوخیل اور جسٹس شاہد وحید شامل تھے۔اس مقدمے کا آغاز 16 اکتوبر 2020 کو ٹریڈ انٹرنیشنل لاہور اور 21 اکتوبر کو ڈان پیپر مارٹ اور ڈان کنورٹیک کی جانب سے ان کی قانونی مشیر فرم میسرز آئیڈیل ٹیکس منیجمنٹ نے ایڈیشنل ڈائریکٹر انٹیلی جنس اینڈ انوسٹی گیشن کو علیحدہ علیحدہ شکایات سے ہوا تھا جس میں کہا گیا تھا کہ دونوں طرف کوٹڈ آرٹ پیپر کو غلط بیانی کر کے '' رائٹنگ پیپر '' ظاہر کر کے چائنا سے کئے جانے والے ایف ٹی اے کے تحت اس پر رعایتی ڈیوٹی حاصل کی جا رہی ہے جو کہ ایس آر او 1640(I)/2019 مورخہ 31 دسمبر 2019 کا غلط استعمال ہے۔شکایت میں کہا گیا تھا کہ آرٹ پیپر صحیح معنوں میں 4810.1310 اور 4810.1390 میں آتا ہے جبکہ اس کو مس ڈیکلریشن کے ذریعے رائٹنگ پیپر 4810.1910 میں کلیئر کرایا جا رہا ہے تاکہ چائنا کے فری ٹریڈ ایگریمنٹ کے تحت 16 فیصد ڈیوٹی کی رعایت کا فائدہ اٹھایا جا سکے۔جبکہ دیگر ممالک سے درآمد ہونے والے آرٹ پیپر پر 20 فیصد ڈیوٹی ادا کرنی پڑ رہی ہے اور اس طرح 4 فیصد کی کسٹم ڈیوٹی کی کمی حاصل کی جا رہی ہے اور حکومت کو ریونیو کا نقصان پہنچایا جا رہا ہے شکایت میں کہا گیا تھا کہ یکم جنوری 2020 سے اب تک اربوں روپے کی کسٹم ڈیوٹی چوری کی گئی ہے۔شکایت میں مزید کہا گیا تھا کہ نیویا برانڈ پیپر رائٹنگ پیپر نہیں ہے لیکن کسٹم کے بدعنوان اہلکاروں کی مدد سے انٹرنیشنل بزنس منیجمنٹ اور امپورٹرز ایس آر او 1640 کا غلط فائدہ اٹھا رہے ہیں اب جبکہ حکومت نے کرپشن فری معاشرہ بنانے کا فیصلہ کر لیا ہے لہٰذا آپ سے درخواست ہے کہ اس معاملہ کی فوری تحقیقات کی جائیں اور ڈیوٹی کی اس چوری کو فوری روکا جائے۔شکایت میں یہ بات بھی لکھی گئی ہے کہ بدعنوانوں کا یہ گروہ اپنے اس کرپشن کو چھپانے کے لیے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے اراکین پارلیمنٹ کا نام غلط استعمال کر رہے ہیں تاکہ ان غیر قانونی سرگرمیوں کو چھپایا جا سکے۔میسرز آئیڈیل ٹیکس منیجمنٹ کے غلام احمد سابق کلکٹر کسٹم اور ممبر کسٹم اپیلٹ ٹریبونل رہ چکے ہیں اس طرح وہ کسٹم میں اپنا اثر ورسوخ بھی رکھتے تھے خط کے ہمراہ ان تمام کنسائنمنٹ کی فہرست بھی منسلک کی گئی تھی جو پورٹ پر کلیئرنس کے منتظر تھے۔اس کے علاوہ جی ڈی بھی منسلک اور دیگر ثبوت بھی فراہم کیے گئے۔ 19 اکتوبر کو کسٹم آئی اینڈ آئی نے اس پر کارروائی کرتے ہوئے کلیرنس معطل کر دی تھی جس سے تمام امپورٹرز پر بھاری ڈیمرج واجب الادا ہو گیا تھا تاہم امپورٹرز آئی بی ایم کی کوششوں سے آئی اینڈ آئی نے کلیرنس بھی دے دی لیکن اس کے باوجود کسٹم کلکٹریٹ نے مال کی کلیرنس معطل رکھی اور پندرہ دن سے زائد عرصہ تک کلیرنس معطل رہی تھی جس سے درآمد کنندگان شدید پریشان میں رہے۔ان پر لاکھوں روپے کے ڈیمرج کے علاوہ لاکھوں روپے ٹی کنٹینر اضافی ڈیوٹی کی مد میں ادائیگی کی تلوار بھی لٹک رہی تھی۔طویل عرصے کے بعد یہ پہلا موقع ہے کہ آئی بی ایم اور اپیما بھی اس مسئلے کو خوش اسلوبی سے حل نہیں کرا سکی تھی جس سے شکایت کے موثر ہونے کا اندازہ لگایا جا سکتا تھا۔تاہم اس سلسلے میں آئی بی ایم اور اپیما اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے تھے۔اور سوا تین سال کی جدوجہد کے بعد اب وہ یکم جنوری 2024 کو اس کے حتمی فیصلے پر پہنچے ہیں اور بالآخر دونوں سائیڈ کوٹڈ پیپر کو بھی رائٹنگ پرنٹنگ پیپر 4810.1910 تسلیم کرا لیا گیا۔

IDEAL TAX MANAGEMENT
Corporate Tax Consultants

16, October 2020

To,
Additional Director,
Intelligence and Investigation,
Baloch Colony,
Karachi.

ٹریڈ انٹرنیشنل لاہور کی جانب سے دائر کی گئی شکایت کا عکس

SUBJECT: MISDECLARATION OF BOTH SIDES COATED ART PAPER HAVING HS CODE 4810.1310 AND 4810.1390AS WRITING PAPER ANDMISUSE OF SRO 1640(I)/2019 DATED 31-12-2019

Respected Sir,

My client M/S Trade International Lahore (NTN#0691622-8) is in the business of indenting Art Paper. It has been reported by them that since notification of Pakistan China Free Trade Agreement dated 31 December 2019, some importers with the help of M/s International Business Management (IBM) as the sole agent of the said product being imported from China are misusing SRO1640(I) and not paying proper duties and taxes at import stage.

As mentioned, evidences are enclosed showing that the imported product "Art Paper" falling originally in HS Code 4810.1310 & 4810.1390 has been misdeclared as "Writing Paper" to take undue benefit of SRO1640(I)thus misusing the HS Code 4810.1910 falling under PAK/CHINA FTA having reduced Custom Duty of "16%" as compared to actual Custom Duty of "20%" as mentioned above hence evading "4%" of revenue from government duties and taxes incurring billions of rupees loss in government revenue collection since 01-01-2020.

It is submitted again that the aforesaid product is not "Writing Paper" but with the abetment of corrupt Custom officers and M/S IBM, importers are taking undue benefit of SRO 1640(I)/2019 and thus incurring huge loss of government revenue at import stage.

As now our government seems to be moving in right direction to abolish corruption, it is requested to please look in to this matter on most urgent basis so that this evasion of duties and taxes at import stage can be stopped and revenue of the government can be safeguarded/recovered.

Unfortunately while being working in a manner of cartel for evasion of duties and taxes by these unscrupulous people, the names of PTI parliamentarian are misused either being partner or their involvement in business to cover up their illegal activities.

An early action is requested to forestall immediately leakage of revenue at such mega scale. We offers our self of any corporation and help required during this exercise.

Truly yours,

GHULAM AHMED

Enclosed:
- Current list of Art Paper consignments at port
- Samples of Art Paper (Sample Labelled as 'A')
- Samples of Writing Paper (Sample Labelled as 'B')
- HEJ Lab Report for Samples 'A' and 'B'
- Paper Business Magazine – Showing NEVIA brand advertised by IBM as Art Paper
- SRO 1640(I)/2019
- GD and Imports Documents of aforesaid Product showing misdeclaration
- Custom Import Data 2019 – Before SRO1640(I): Showing aforesaid product imported under HS Code 4810.1310 &4810.1390
- Custom Import Data 2020– After SRO1640(I): Showing sameproduct now imported under HSCode 4810.1910 taking undue advantage of SRO1640(I)


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

اہم

# دونوں سائیڈ کوٹڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر تسلیم کرانے کے کیس کو
# سپریم کورٹ آف پاکستان سے بھی شاندار طریقے سے کامیابی پر اپنی
# قانونی ٹیم کے تمام اراکین کو **مبارکباد** پیش کرتے ہیں



یکم جنوری 2024 کو سپریم کورٹ آف پاکستان نے بھی
شکایت کنندگان کی ٹریڈ دشمنی پر مہر ثبت کر دی
ہم اپنی ٹیم کی مزید کامیابیوں کے لئے دعا گوں ہیں

**منجانب: محمد اسلم جیلانی**

**میسرز سلمان پیپر پروڈکٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ**


Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.
Phone : 021-32216671, 32212081, 32601020
aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com

# مبارکباد

ہم

## نیو یا دونوں سائیڈ کوٹڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کے مقدمات میں

پیپر کے امپورٹرز کے موقف کو شاندار طریقے سے پیش کر کے پہلے کسٹم، ٹریبونل، ہائی کورٹ اور اب

سپریم کورٹ (یکم جنوری 2024) سے بھی جیتنے پر اپنی وکلاء کی ٹیم اور اپنے ہردلعزیز لیڈر



بیرسٹر قاسم ودود



بیرسٹر سعد صہیب وائیں



بیرسٹر خالد جاوید



محمد سلیم بیکیا (آئی بی ایم)
(لیڈر آف پیپر مرچنٹس)



عقیل احمد
ایڈووکیٹ

کو شاندار الفاظ میں **خراج تحسین پیش** کرتے ہیں

اور اس کامیابی پر **دلی مبارکباد** دیتے ہیں

اس کامیاب جدوجہد میں **محمد سلیم بیکیا** کا کردار بھی ہمیشہ یاد رکھا جائے گا

منجانب: **ممبران و عہدیداران**

## ALL PAKISTAN PAPER MERCHANTS ASSOCIATION

**Head Office** : Room No. 301, 3rd Floor, Al-Rasheed Centre, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi.Paksitan
Phone:(+92-21) 32621041, 32627866 Fax: (+92-21) 32210385 Email: appmapk@gmail.com, info@appma.com.pk
**Northern Zone** Address: Room No. 219-220, Zulqarnain Chamber, Shahrah-e-Millat, Lahore-54000
Phone:(+92-42) 37248180 Fax: (+92-42) 37213363 Email: appmapk@gmail.com, info@appma.com.pk



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 32212081, 32601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725




IBM TM
ISO 9001:2015 CERTIFIED

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

Brands of the year Award TM — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award TM — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

IBM™
ISO 9001: 2015
CERTIFIED

# انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ

## اپنے اراکین وگاہکوں کے لئے
## خدمت میں ایک قدم اور آگے

## IBMکی طرف سے پیپر کی گرامیج معلوم کرنے کا آلہ





**Sponsored By IBM**

اپنے معزز کرم فرماؤں کو یقین واعتماد کے ساتھ خریداری میں مدد کے لئے۔

تا کہ وہ معیار اور مقدار کے بارے میں از خود اطمینان حاصل کر سکیں

آئی بی ایم کے اراکین کے لئے رعایتی نرخ پر دستیاب ہے

رابطے کے لئے **0300-2011313**

IBM™

## International Business Managemnet

**First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company In Pakistan**


**First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK**

**Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786**

**Email: saleem.bikiya@ibmpak.com Website:www.ibmpakistan.com**


Certified Quality Management System ISO 9001: 2015

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Winner of Brands of the year Award 2010 IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Winner of Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# آرٹ کارڈ، بلیچ بورڈ، آفسیٹ آئی کے اور اسٹیکر کی قیمتوں میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری رہیں اور 3 جنوری 2024 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں پنڈو آرٹ کارڈ، مقامی ڈپلیکس بورڈ ٹاپ رائیڈر، درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا، آفسیٹ آئی کے اور اسٹیکر پیپر کانٹیک، سپر ٹیک، گولڈن ٹیک جی ایس ایف، پاور ٹیک، وائی ایم سی، لنٹیک اور لیبل ٹیک کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ جبکہ فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں کمی بیشی دیکھنے میں آئی۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو رد و بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ کی صورتحال اس طرح سے ہے کہ

پنڈو آرٹ کارڈ تمام سائز 190،200 ، 210، 250، 310 ، 300، 260اور 350 گرام، 380روپے سے کم ہو کر 375 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ ٹاپ رائیڈر تمام سائز 250 تا 300 گرام، 200روپے سے کم ہو اور تمام سائز 350 گرام کر 202روپے سے کم ہو 192 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 330روپے سے کم ہو کر 325روپے فی کلو ہو گئی ہیں۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام 480 ، روپے سے کم ہو کر 475روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی سی براؤن 70 گرام، 1000 روپے سے بڑھ کر 1010 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام 980 ، روپے سے بڑھ کر 990روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ پیپر ون A4 ، سائز 80 گرام، 1640روپے سے کم ہو کر 1520 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی 80 گرام A4 ، سائز 1300روپے سے کم ہو کر 1250 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر کانٹیک 20x30سائز 4200روپے سے کم ہو کر 4050روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر سپر ٹیک 20x30 ، سائز 4200روپے سے کم ہو کر 4050روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30سائز 4200 ، روپے سے کم ہو کر 4050روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا 20x30سائز 4100 ، روپے سے کم ہو کر 3950روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30سائز، 4200روپے سے کم ہو کر 4050روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لنٹیک انڈونیشیا 20x30سائز 9800 ، روپے سے بڑھ کر 9900روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30سائز 4300 ، روپے سے کم ہو کر 4050روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔

## ڈالر 281روپے 80 پیسے پر موجود

کراچی (بزنس ڈیسک) انٹر بینک میں بدھ 3 جنوری 2024 کو کاروبار کے آغاز میں ہی امریکی ڈالر مزید سستا ہوا ہے۔ انٹر بینک میں ڈالر 9 پیسے سستا ہو کر 281روپے 80 پیسے کا ہو گیا۔ جبکہ منگل 2 جنوری کو انٹر بینک میں ڈالر 281روپے 89 پیسے پر بند ہوا تھا اور کرنسی مارکیٹ، انٹر بینک میں ڈالر کی قیمت 10 پیسے تک کم اور اوپن مارکیٹ میں 12 پیسے تک بڑھ گئی، یورو کی قیمت میں 85 پیسے تک کا اضافہ، پاؤنڈ 94 پیسے تک مہنگا ہو گیا، فاریکس ایسوسی ایشن کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق منگل 2 جنوری کو روپے کے مقابلے پر انٹر بینک میں ڈالر کی قیمت خرید 10 پیسے کی کمی سے 281.60روپے سے کم ہو کر 281.50روپے اور قیمت فروخت 5 پیسے کی کمی سے 282.00 روپے سے کم ہو کر 281.95روپے ہو گئی ہے، دوسری جانب اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت خرید 12 پیسے کے اضافے سے 279.90 روپے سے بڑھ کر 280.04روپے اور قیمت فروخت 8 پیسے کے اضافے سے 282.45روپے سے بڑھ کر 282.53روپے ہو گئی ہے، فاریکس رپورٹ کے مطابق یورو کی قیمت خرید 85 پیسے کے اضافے سے 306.39روپے سے بڑھ کر 307.24روپے اور قیمت فروخت 82 پیسے کے اضافے سے 309.34روپے سے بڑھ کر 310.16روپے ہو گئی۔

## ڈی جی رینجرز سے امن و امان پر زبیر موتی والا کی قیادت میں تاجروں کی ملاقات

کراچی (نیوز ڈیسک) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے سابقہ صدر اور چیئرمین (بزنس مین گروپ) محمد زبیر موتی والا کی زیرِ قیادت بزنس کمیونٹی کے وفد نے ہیڈ کوارٹرز پاکستان رینجرز (سندھ) کا دورہ کیا اور ڈی جی رینجرز (سندھ) میجر جنرل اظہر وقاص سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران امن و امان کی مجموعی صورتحال اور تاجر برادری کو لا اینڈ آرڈر کے حوالے سے درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا اور باہمی روابط کو مربوط بنانے پر بھی غور کیا گیا۔ ڈی جی رینجرز (سندھ) نے اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ تاجر برادری ملک کی معیشت میں ایک مضبوط ستون کی حیثیت رکھتی ہے۔ کراچی پاکستان کا معاشی حب ہے اور پر امن حالات ہی معاشی ترقی کے ضامن ہیں۔ سندھ رینجرز کراچی میں تاجر برادری کی ہر ممکن حفاظت اور تعاون کو یقینی بنائے گی۔ ڈی جی رینجرز (سندھ) نے انڈسٹریل ایریا اور دیگر تجارتی علاقوں میں بزنس کمیونٹی کو سیکورٹی سے متعلق درپیش مسائل کو پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مل کر ہنگامی بنیاد پر حل کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر تاجر برادری کے وفد نے شہر قائد میں سندھ رینجرز کی قیام امن کے لیے کاوشوں کو سراہتے ہوئے اپنے ہر ممکن تعاون فراہم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD
Kantak Sticker Cream Offset Japan
105-Gsm

CHAND TRADERS


Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# فیڈریشن انتخابات: یوبی جی کے عاطف اکرام صدر بن گئے


عاطف اکرام، صدر

کراچی (نیوز ڈیسک) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے انتخابات میں یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) اور بزنس مین پینل پروگریسو کے اتحاد نے واضح اکثریت سے برتری حاصل کرنے کے بعد نومنتخب صدر عاطف اکرام شیخ اور سینئر نائب صدر ثاقب فیاض مگوں سمیت دیگر عہدیداروں نے اتوار 31 دسمبر کو اپنے عہدوں کا چارج سنبھال لیا، صدر کے عہدے پر یو بی جی اور بزنس مین پینل پروگریسو کے امیدوار عاطف اکرام شیخ نے 240 ووٹ حاصل کر کے بی ایم پی کے امیدوار محمد علی کو شکست دی، محمد علی نے 147 ووٹ حاصل کئے جبکہ سینئر نائب صدر کے عہدے پر ثاقب فیاض مگوں 231 ووٹ حاصل کر کے کامیاب رہے، ان کے مدمقابل حاجی غنی عثمان 156 ووٹ حاصل کر سکے، بزنس مین پینل پروگریسو کے مرکزی رہنما اور حیدرآباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر عدیل صدیقی کا کہنا ہے کہ برسراقتدار ٹولے نے اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے ہمارے 38 ووٹ کاسٹ نہیں ہونے دیئے جبکہ واضح عدالتی احکامات کے باوجود اپنے 34 ووٹ کاسٹ کروائے، اس کھلم کھلا دھاندلی کے باوجود ہم نے بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کی، کیونکہ ملک بھر کی کاروباری برادری اپنے مسائل کا حل چاہتی ہے، ایف پی سی سی آئی کے انتخابات برائے 2024-2025 کے لئے پولنگ ہفتہ 30 دسمبر 2023 کو ہوئی جو کہ فیڈریشن کی تاریخ میں پولنگ کا ایک ہنگامہ خیز دن تھا، ملک بھر کی کاروباری برادری کے نمائندہ ادارے میں دن بھر لڑائی جھگڑا، فساد کا سلسلہ جاری رہا۔ جس کی وجہ سے انتخابی عمل میں متعدد بار پولنگ روکنا پڑی۔ متعدد بار پولنگ روکنے کی وجہ سے پولنگ کا وقت ڈیڑھ گھنٹہ بڑھا کر 7 بجے تک کر دیا گیا، دونوں گروپوں نے ایک دوسرے پر دھاندلی اور زدوکوب کئے جانے کے الزامات عائد کئے۔ یو بی جی گروپ کی جانب سے گورنر خیبر پختونخوا حاجی غلام علی پر انتخابی عمل میں اثر ورسوخ استعمال کرنے اور کھلم کھلا الیکشن کمیشن پر دباؤ ڈالنے کا الزام عائد کیا، اور کہا کہ وہ اس مقصد کے لئے پولنگ کے آغاز سے اختتام تک پولنگ ہال میں بیٹھے رہے جبکہ برسراقتدار گروپ نے ڈی جی ٹی او کی یو بی جی پر یکطرفہ حمایت کا الزام عائد کیا۔ پولنگ کے آغاز سے ہی ماحول کشیدہ رہا اور ایک گروپ نے دوسرے گروپ پر الیکشن کمیشن کو زدوکوب کرنے کا الزام بھی عائد کیا۔ انتخابی عمل میں پولیس اور رینجرز کی بھاری نفری فیڈریشن کے اندرونی اور بیرونی حصے میں تعینات رہی۔ شام 4 بجے تک پولنگ کا عمل انتہائی سست رہا اور لڑائی جھگڑے کی وجہ سے کئی ووٹر فیڈریشن ہاؤس چھوڑ کر گھروں کو چلے گئے جنہیں دونوں گروپوں کی قیادت منا کر پولنگ کا وقت ختم ہونے سے پہلے واپس لائی۔ یو بی جی اور پروگریسو کے اتحاد نے نائب صدر کی 9 نشستوں پر کامیابی حاصل کی جبکہ برسراقتدار گروپ 2 نشستوں پر کامیاب رہا۔ کامیابی کے بعد حامیوں سے خطاب کرتے ہوئے ایس ایم تنویر نے کہا کہ ہماری ترجیح ملکی معیشت کی بہتری اور کاروباری برادری کے مسائل حل کرنا ہے، اگرچہ پولنگ کے دن کچھ ناخوشگوار واقعات ہوئے تاہم مجھے اس روز خوشی ہوگی جب میں پوری بزنس کمیونٹی کو یکجا کرلوں اور دھڑے بازیاں ختم کرلوں۔ نومنتخب صدر عاطف اکرام شیخ نے کہا کہ ہم بلاامتیاز خدمت کریں گے اور میرے دروازے بزنس کمیونٹی کیلئے کھلے ہیں۔


ثاقب فیاض، سینئر نائب صدر

## محمد سلیم بیکیا اور عابد نثار کی فیڈریشن کے نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد

کراچی (پیپر بزنس نیوز) چیئرمین بزنس مین پینل آل پاکستان پیپر مرچنٹس، سابق چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن اور صدر انٹرنیشنل بزنس منیجمنٹ محمد سلیم بیکیا اور پاکستان انڈونیشیا بزنس کونسل کے چیئرمین، سابق وائس چیئرمین اپمپا عابد نثار نے اپنے علیحدہ علیحدہ بیانات میں فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے انتخابات میں بزنس مین پینل پروگریسیو (بی ایم پی پی) اور یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) الائنس کی شاندار کامیابی کو نیک شگون قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ موجودہ سنگین معاشی صورتحال میں بزنس کمیونٹی کو ایف پی سی سی آئی کے نومنتخب عہدیداروں سے بہت امیدیں وابستہ ہیں۔ تجارت وصنعت کو درپیش مسائل کے حل میں فیڈریشن فعال کردار ادا کرے گا اور کاروبار وصنعت کو مشکلات سے نکالنے کے ساتھ ساتھ ملکی برآمدات کو فروغ دینے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے گا۔ محمد سلیم بیکیا اور عابد نثار نے یو بی جی کے سرپرست اور نگراں صوبائی وزیر صنعت پنجاب ایس ایم تنویر اور فیڈریشن کے نومنتخب صدر عاطف اکرام، سینئر نائب صدر ثاقب فیاض مگوں سمیت نائب صدور اور خصوصی طور پر شبیر منشا چھرہ، خرم اعجاز اور عدیل صدیقی کو بھی مبارکباد دی جن کی کوششوں سے بی ایم پی پی اور یو بی جی الائنس کو انتخابات میں شاندار کامیابی حاصل ہوئی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس وقت تجارت وصنعت انتہائی مشکلات سے دوچار ہیں بلکہ انہیں اپنی بقا قائم رکھنا دشوار ہو گیا ہے لہذا اس مشکل وقت میں فیڈریشن کو اہم کردار ادا کرنا ہوگا تاکہ معاشی سرگرمیوں کو فروغ حاصل ہو اور روزگار کے وسیع مواقع پیدا کیے جاسکیں نیز ملکی برآمدات میں اضافہ ممکن بنایا جاسکے۔ دریں اثنا عابد نثار چیئرمین پاکستان انڈونیشیا بزنس کونسل نے ایف پی سی سی آئی کے نومنتخب عہدیداروں کی توجہ پاکستان اور انڈونیشیا کے درمیان دوطرفہ تجارت کو بڑھانے کی طرف مبذول کرواتے ہوئے کہا کہ دونوں ملکوں کے مابین تجارت کے وسیع مواقع موجود ہیں تاہم اس حوالے سے سنجیدہ کوششوں کی ضرورت ہے۔ خاص طور پر پاکستان اور انڈونیشیا کی بزنس کمیونٹی کے ایک دوسرے سے رابطے، تجارتی وفود کے تبادلے اور دونوں ملکوں کی مارکیٹوں میں قابل تجارت مصنوعات کا جائزہ لینے کی اشد ضرورت ہے، اس ضمن میں پاکستان انڈونیشیا بزنس کونسل اپنا ہر ممکن تعاون اور سپورٹ ایف پی سی سی آئی کے ساتھ پیش کرنے کے لیے تیار ہے۔

## کراؤن پیپر مارٹ کے کاشف اشفاق انتقال کرگئے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) میسرز کراؤن پیپر مارٹ کے محمد آصف اشفاق کے بھائی، سابق صدر سدرن زون اظہر حسین کے چچازاد بھائی اور اعزازی جنرل سیکریٹری محمد احمد اظہر کے چچا محمد کاشف اشفاق 31 دسمبر 2023 کو رضائے الٰہی سے انتقال کرگئے۔ مرحوم کے انتقال پر ممتاز پیپر مرچنٹس نے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

## ویرکارپوریشن کے نجم الحسن کی والدہ انتقال کرگئیں

لاہور (پیپر بزنس نیوز) سابق صدر کراچی پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن (کے پی ایم کے) میسرز ویرکارپوریشن کے بانی ناظم علی کی اہلیہ اور سابق رکن سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نجم الحسن، اسد علی، ابوالحسن اور فیض الحسن کی والدہ 31 دسمبر 2023 کو رضائے الٰہی سے لاہور میں انتقال کرگئیں۔ محمد سلیم بیکیا، عبدالمجید میمن، سمیت ممتاز پیپر مرچنٹس نے مرحومہ کے انتقال پر ان کے صاحبزادوں سے اظہار تعزیت کیا ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# AFTAB ENTERPRISE

**ART CARD** · **ART PAPER** · **OFFSET PAPER**

**STICKERS** · **BOX BOARD** · **IMPORTED & LOCAL**

## & OTHER VARIETIES OF PAPER & PAPER BOARD

**Muzammil**
0335-7582791

**Aftab**
0324-2526756
0304-2669084

**Asghar**
0303- 2959011

Shop # 2, Taj Mahal Building,
Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Paper Market, Karachi.
Tel : 021-32623851 /32623852 /32623853





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## ایکسپورٹ پروسیسنگ اتھارٹی کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:Admin-296/2023

فوٹو اسٹیٹ پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد:1500 ریم

برانڈ: بی ایل سی، ڈبل اے، پیپر ون یا مساوی۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:22 جنوری 2024ء

برائے رابطہ: ڈپٹی منیجر (ایڈمن)، ہیڈ آفس، لانڈھی انڈسٹریل ایریا ایکسٹینشن، مہران ہائی وے، کراچی۔

فون:021-99208010-99208039

## سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:2017/DHR&A/SHCC/2023

پیپر A4 سائز، 70 گرام، بی ایل سی یا مساوی برانڈ، تعداد 490 ریم

گرین پیپر لیگل سائز، تعداد:28 پیکٹ۔

وائٹ پیپر، لیگل سائز، 70 گرام، تعداد:21 ریم۔

دیگر اسٹیشنری آئٹمز

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:18 جنوری 2024ء

برائے رابطہ: دفتر، ڈائریکٹر ہیومن ریسورس اینڈ ایڈمنسٹریشن، بلاک۔ C، دوسری منزل، ایف ٹی سی بلڈنگ، شاہراہ فیصل، کراچی۔

فون:021-38656000

## سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:SEF/NP/23-24/04

کتابچے کی پرنٹنگ، بارکوڈ کے ساتھ، تعداد:40 تا 50 ہزار کاپی۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:16 جنوری 2024ء

برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر، پروکیورمنٹ یونٹ، جنرل ایڈمنسٹریشن اینڈ کوآرڈینیشن ڈیپارٹمنٹ، پہلی منزل، این آئی سی ایل بلڈنگ، سروے نمبر 183/4، عباسی شہید روڈ، کنٹونمنٹ کراچی۔

فون:021-99333244-49

## صوبائی الیکشن کمشنر سندھ کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:

8(25)/2024/TEN-TRANS-ADMN-PEC(S)

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:20 جنوری 2024ء

برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر (ایڈمن) آفس، پاکستان سیکریٹریٹ، بلاک نمبر A-44۔ شاہراہ عراق، صدر، کراچی۔

فون:021-99203383

## لاہور ویسٹ منیجمنٹ کمپنی کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

پیپر A4 سائز، 70 گرام،

برانڈ ڈبل اے یا مساوی، تعداد:2000 ریم

پیپر A4 سائز، 80 گرام،




برانڈ ڈبل اے یا مساوی، تعداد:2000 ریم

اسٹیشنری آئٹمز

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:16 جنوری 2024ء

برائے رابطہ: دفتر جنرل منیجر (پی اینڈ سی)، آفس نمبر 4&5، چوتھی منزل، شاہین کمپلیکس، ایگرٹن روڈ، لاہور۔

فون:042-99205153-55

## سرگودھا یونیورسٹی کو پیپر درکار

پیپر اے فور سائز، 80 گرام،

برانڈ ڈبل اے یا مساوی، تعداد: 4555 ریم۔

پیپر لیگل سائز، 80 گرام،

برانڈ ڈبل اے یا مساوی، تعداد:2585 ریم۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 16 جنوری 2024

برائے رابطہ: پرچیز آفیسر، سرگودھا۔

فون:048-9230110

## پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کا پیپر و پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:PSCA/18/22 DEC/23

پیپر A4 سائز، 80 گرام،

برانڈ ڈبل اے یا مساوی، تعداد:250 ریم

میٹریل کی پرنٹنگ۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:11 جنوری 2024ء

برائے رابطہ: پی پی آئی سی سینٹر، قربان پولیس لائن، لاہور۔

فون:042-99051605-7

## پنجاب کیٹل مارکیٹ منیجمنٹ کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:

PCMMDC/Admin-37/HO-2023-24

پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد:150 ریم

پیپر لیگل سائز، 80 گرام، تعداد 20 ریم

(برانڈ ڈبل اے یا مساوی)

اسٹیشنری آئٹمز۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:16 جنوری 2024ء

برائے رابطہ: دفتر چیف ایگزیکٹو آفیسر، 94۔ بابر بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور۔

فون:042-99333505-8

## سندھ ہائی کورٹ کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:

SHC/Budget/Tender-2023-24/VII

ڈپلیکیٹنگ پیپر، سائز لیگل، 60 گرام، تعداد:1200 ریم

لیجر پیپر، سائز لیگل، 80 گرام، تعداد:4000 ریم

فوٹو اسٹیٹ پیپر، A4 سائز، 80 گرام

آئی کے، سگنیچر یا مساوی برانڈ، تعداد:1000 ریم

فوٹو اسٹیٹ پیپر، F4A سائز، 70 گرام

آئی کے کا پیپر انڈ، تعداد:15000 ریم

لفافے اور دیگر اسٹیشنری آئٹمز، بڑی مقدار میں

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:11 جنوری 2024ء

برائے رابطہ: غلام قادر سارپو، J.O.A، کورٹ روڈ، کراچی۔

فون:021-99203151-9 EXT:295

## انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی کا پیپر و کارڈ کا ٹینڈر

وائٹ امپورٹڈ پیپر، سائز 23x36، 75 گرام،

آئی کے یا مساوی برانڈ، تعداد:500 ریم

وائٹ امپورٹڈ پیپر، سائز 20x30، 75 گرام،

آئی کے یا مساوی برانڈ، تعداد:500 ریم

وائٹ امپورٹڈ آرٹ کارڈ، سائز 25x36، 300 گرام،

پنڈو یا مساوی برانڈ، تعداد:50 پیکٹ

وائٹ امپورٹڈ آرٹ کارڈ، سائز 22x28، 260 گرام،

آئی کے یا مساوی برانڈ، تعداد:50 پیکٹ

وائٹ امپورٹڈ ایووری کارڈ، سائز 22x28، 180 گرام،

آئی کے یا مساوی برانڈ، تعداد:50 پیکٹ

وائٹ امپورٹڈ پیپر، سائز 20x30، 100 گرام،

آئی کے یا مساوی برانڈ، تعداد:50 ریم

وائٹ بلیچ کارڈ، سائز 22x28، 300 گرام،

ننگبو یا مساوی برانڈ، تعداد:50 پیکٹ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:9 جنوری 2024ء

برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر پریس، شاہ فیصل مسجد کیمپس، اسلام آباد۔

فون:051-9261920




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# پیپر و پیپر بورڈ سمیت دیگر خام مال پر ٹیکسز کی شرح پر نظر ثانی کیلئے تجاویز طلب

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ایف بی آر نے خام مال پر ٹیکسز اور ڈیوٹیوں کی شرح پر نظرثانی کا فیصلہ کرلیا۔خبر رساں ایجنسی کے مطابق فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے آئندہ وفاقی بجٹ 25-2024 میں 12 اہم صنعتی سیکٹرز کے ملک کے اندر سے خریدے جانے والے اور بیرون ملک سے منگوائے جانے والے خام مال پر ٹیکسوں اور ڈیوٹیوں کی شرح پر نظرثانی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ایف بی آر نے ٹیکسٹائل ویوینگ، ٹیکسٹائل ڈائینگ اینڈ پرنٹنگ، اسٹیل ملترز، اسٹیل ری رولنگ ملز، گھی و کوکنگ آئل، کیمیکلز، سیمنٹ، لیڈ اینڈ بیٹریز اور پیپر و پیپر بورڈ جیسی صنعتوں کو اپنے خام مال کی تفصیلات 10 جنوری تک ہر حال میں ایف بی آر کو فراہم کرنے کی ڈیڈ لائن مقرر کر دی ہے۔منگل 2 جنوری کو جاری سرکلر کے مطابق ایف بی آر نے 14 دسمبر 2023 کو یہ تفصیلات مانگی تھیں تاہم کچھ سیکٹرز کی جانب سے ڈیڈ لائن 31 دسمبر تک ایف بی آر کو یہ معلومات فراہم نہیں کیں، جس کی وجہ سے انہیں ایک موقع اور دیا جا رہا ہے کہ وہ یہ تفصیلات فراہم کریں تا کہ خام مال اور ان صنعتوں کی جانب سے استعمال کی جانے والی خدمات کی پوزیٹولسٹ بنا کر اس کا نوٹی فکیشن جاری کر دیا جائے اور جب یہ اشیا بنا کر ملک سے برآمد کی جائیں تو ان پر ادا کیے گئے ٹیکس اور ڈیوٹیز اس صنعت کو ریفنڈ کردی جائیں۔

## 2024 میں دنیا کی معاشی ترقی نہیں بڑھے گی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) دنیا بھر کی اوسط شرح نمو 2024 میں معقول حد تک نہیں بڑھ پائے گی اور سود کی بلند تر شرح، توانائی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور یورپ و برطانیہ میں کسی قدر کساد بازاری کے امکان جیسے چیلنجز کی وجہ سے یہ 2.6 سے 2.9 فیصد کے درمیان رہے گی جبکہ تمام اندازوں کے مطابق بھارت سرفہرست رہے گا جس کی شرح ترقی 6.4 فیصد رہے گی۔پاکستان کی بات کریں تو آئی ایم ایف نے پاکستان کی شرح نمو کا تخمینہ 2.5 فیصد ،ایشیائی ترقیاتی بینک نے 1.9 فیصد لگایا ہے۔مزید اہم چیزیں یوکرائن اور غزہ کی جنگیں ہیں جو عالمی شرح نمو کو تباہ کرنے میں کردار ادا کر رہی ہیں اور وہ مالی سال 2024 پر بھی اپنے سائے ڈالتی ہوئی نظر آتی ہیں۔گولڈ مین ساچیز کے تخمینے کے مطابق 2024 میں دنیا کی ترقی 2.6 فیصد رہے گی، امریکا کی شرح ترقی 2.1 چین کی 4.8، یورپی یونین کی 0.5 فیصد، برطانیہ کی 0.1 فیصد رہے گی جبکہ سب سے زیادہ ترقی کا تخمینہ بھارتی کا ہے جو کہ 6.3 فیصد رہے گی، مورگن اسٹینلے نے دنیا کی شرح ترقی کا اندازہ 2.8 فیصد امریکا کی شرح ترقی کا اندازہ 1.9 فیصد، چین کی شرح ترقی کا اندازہ 4.2 فیصد یورپی یونین کی ترقی کا اندازہ 0.5 فیصد، برطانیہ کی ترقی منفی 0.1 فیصد جبکہ بھارت کی شرح ترقی کا اندازہ 6.4 فیصد لگایا گیا ہے۔

# اماراتی پاسپورٹ کی دنیا میں نمبر ایک حیثیت برقرار

دبئی (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) 180 ممالک تک ویزے رکھنے والے متحدہ عرب امارات کے پاسپورٹ دنیا میں اپنی نمبر ایک پوزیشن برقرار رکھی ہے۔ پاسپورٹ انڈیکس 2024ء کے مطابق اماراتی پاسپورٹ دنیا کی مضبوط اور طاقت ور ترین دستاویز ہے یہ حوالہ عالمی مالیاتی مشاورتی فرم آرٹن کیپٹل سے دیا گیا ہے۔ متحدہ عرب امارات کی مثبت سفارت کاری نے اس کے پاسپورٹ کی بین الاقوامی اہمیت کو نمایاں طور پر دو بالا ئی ہے۔ اماراتی پاسپورٹ کا حامل 180 میں جا سکتا ہے 120 ممالک میں ویزے بغیر داخل ہوسکتا ہے جبکہ۔50 ممالک میں آن لائن یا آمد پر ویزے کے ذریعہ داخل ہوا جا سکتا ہے۔جرمنی، اسپین، فرانس اور نیدرلینڈز کے پاسپورٹ 178 ممالک میں داخلے کے حوالے سے دوسرے نمبر پر آتے ہیں۔ان کے بعد سوئیڈن، فن لینڈ لکسمبرگ، آسٹریا اور سوئٹزرلینڈ کے پاسپورٹ 177 ممالک میں داخلے کے لیے آتے ہیں۔ان کے بعد ڈنمارک، بلجیئم، پولینڈ، آئرلینڈ اور جنوبی افریقا کے پاسپورٹ چوتھے نمبر پر ہیں۔جنہیں 176 ممالک میں داخلہ ملتا ہے۔جبکہ سنگاپور، یونان، ناروے چیک جمہوریہ، برطانیہ ہنگری، جاپان اور نیوزی لینڈ کا 175 ممالک میں داخلے کے حوالے سے نمبر ہے۔

# بینک صارفین کی شکایات کے ازالے کیلئے پورٹل 'سنوائی' کا آغاز

کراچی (بزنس ڈیسک) بینک دولت پاکستان نے بینک صارفین کی شکایات کے ازالے کے لیے پورٹل اور ایپ 'سنوائی' کا آغاز کر دیا ہے۔مرکزی بینک سے جاری بیان میں کہا گیا کہ یہ اسٹیٹ بینک کی ان کوششوں کا تسلسل ہے جن کا مقصد بینکوں کے صارفین کو شکایات کے اندراج میں درپیش مشکلات دور کرنا اور ان شکایات سے نمٹنے میں بینکوں کی کارکردگی اور شفافیت کو مستحکم بنانا ہے۔پورٹل 'سنوائی' بینکوں کے صارفین کے لیے ون ونڈو آپریشن کی حیثیت رکھتا ہے جہاں وہ پاکستان میں کام کرنے والے بینکوں، مائیکروفنانس بینکوں اور ترقیاتی مالی اداروں (ڈی ایف آئیز) کے خلاف اپنی شکایات درج کرا سکتے ہیں۔اب صارفین روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس (آر ڈی اے) سمیت کسی بھی بینکاری پروڈکٹ یا سہولت کے بارے میں اپنی شکایات 'سنوائی' کے ذریعے درج کرا سکتے ہیں تا کہ ان کا بروقت ازالہ کیا جا سکے۔'سنوائی' ویب براؤزر کے علاوہ موبائل اپلی کیشن کے ذریعے بھی اینڈرائیڈ اور آئی او ایس دونوں پر قابلِ رسائی ہے۔رجسٹرڈ صارفین اپنی آسانی کے مطابق انگریزی یا اردو زبان میں شکایات درج کرا سکتے ہیں۔درج شدہ ہر شکایت کو ایک منفرد ٹریکنگ نمبر دیا جاتا ہے اور یہ صارفین کو بذریعہ ایس ایم ایس اور ای میل بھیج دیا جاتا ہے۔بینکوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اسٹیٹ بینک کی مقرر کردہ مدت (ٹرن آؤٹ ٹائم یا ٹی اے ٹی) کے اندر شکایات کا فوری اور منصفانہ حل یقینی بنائیں۔

# غیر ضروری سم کارڈز کی واپسی پر 200 روپے فیس کا نفاذ شروع

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سیلولر موبائل آپریٹرز نے پی ٹی اے کی طرف سے فراہم کردہ رعایتی مدت ختم ہونے پر صارفین کی طرف سے غیر ضروری سم کارڈز کی واپسی پر 200 روپے فیس کا نفاذ کر دیا ہے، پی ٹی اے نے صارفین پر زور دیا تھا کہ وہ 31 دسمبر 2023 تک بغیر کسی چارجز کے غیر ضروری سم کارڈز کو رضا کارانہ طور پر ترک کردیں یا واپس کر دیں، ذرائع کے مطابق پی ٹی اے نے غیر ضروری سم کارڈز کو مسترد کرنے یا واپس کرنے کے لیے پہلے سے فراہم کردہ رعایتی مدت میں توسیع نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے،فیس عائد کرنے کا فیصلہ پی ٹی اے کی جانب سے مفت سم کارڈز کے غلط استعمال اور غیر قانونی سرگرمیوں میں موبائل سروسز کے ملوث ہونے سے نمٹنے کیلئے کی گئی کوششوں سے منسوب ہے، یہ فیس آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سمیت پاکستان کے تمام صوبوں پر لاگو ہوگی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

APP

USE OUR PAPER, WE PLANT MORE TREES.

Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM

# IK Signature




**Premium Performance Paper.**

